دارالعلوم انجمن نعمانیه لاهور کا تعارف

مرتب : پیرزاده اقبال احمد فاروقی
ناشر : انجمن نعمانیه ـ اندرون ٹکسالی دروازه ـ لاهور
صفحات : ۱۲۰
قیمت : درج نہیں

انجمن نعمانیه لاهور اور اس کے دینی مدرسه ,دارالعلوم نعمانیه، کو قائم هوئے ایک صدی سے زائد کا عرصه گزر چکا ہے ـ گو اب دارالعلوم کو پہلے جیسا عروج حاصل نہیں ہے تاهم امام ابوحنیفهؒ کے اسم گرامی سے اپنی نسبت کی لاج نباه رها ہے ـ دارالعلوم اگر اپنے حال نہیں تو کم از کم شاندار ماضی کے حوالے سے اس امر کا ضرور مستحق تها که اس کی صد ساله یادگار منائی جاتی اور اس کی علمی و تعلیمی سرگرمیوں کو آگے بڑهانے کے لیے بہتر منصوبه بندی کی جاتی۔ , دارالعلوم نعمانیه ، کا اجمالی ذکر حافظ نذر احمد صاحب کے مرتبه دینی مدارس کے جائزوں میں بهی آیا ہے۔ اسی طرح علمائے لاهور پر لکهتے هوئے مولانا علم الدین سالک اور بعض دوسرے حضرات نے ضمناً تذکره کیا ہے۔ شاید مرحوم محمد دین کلیم پہلے صاحب ذوق تهے جنهوں نے اسے موضوع بنا کر ایک مختصر مضمون لکها ـ حال هی میں زیر نظر کتابچه ,دارالعلوم انجمن نعمانیه لاهور کا تعارف ، اشاعت پذیر هوا ہے ـ

اس کتابچے میں مرتب کے پیش لفظ کے ساتھ جناب سیّد نور محمد قادری کا مضمون , انجمن نعمانیه لاهور کا تاریخی مطالعه ، قمر یزدانی کی ایک نظم اور دارالعلوم نعمانیه کے قدیم ذخیرۂ کتب کی فهرست شامل کی گئی ہے۔ کتابچے کا بڑا حصه (ص ۳۵ ـ ۱۲۰) فهرست پر مشتمل ہے اور حقیقتاً فهـرست کی اشـاعت هی بنیادی مقصد ہے۔ جناب مرتّب نے بتایا ہے که اس فهرست میں اُس ذخیرۂ کتب کا احاطه کیا گیا ہے جو ۱۹۱۱ء تک جمع هوا تھا۔ اس کے بعد جن کتب کا اضافه هوا ان کی الگ فهرست شائع کی جائے گی ـ

جناب سیّد نور محمد قادری کے مضمون سے انجمن نعمانیه کے بارے میں معلومات میں اضافه هوتـا ہے تاهـم انجمـن اور اِس کی خدمات اس بات کی متقاضی هیں که ایک جامع مقاله لکھا جائے ـ زیر نظر کتابچے کی صورت میں ذخائر کتب کے تعارف کی جو کوشش کی گئی ہے اس کی جس قدر تعریف کی جائے ، کم ہے مگر نہایت افسوس سے لکھنا پڑتا ہے که فهرست تیار کرتے هوئے کسی سلیقے سے کام نہیں لیا گیا ـ نه تو مضامین کی تقسیم زیاده خوش کن ہے اور نه کتابوں کے بارے میں دی گئی معلومات هی جامع هیں ـ اس پر مستزاد کتابوں اور مؤلفین کے ناموں میں فاش غلطیاں هیں ـ اِن غلطیوں کی موجودگی میں اِس بات کا اطمینان بھی مشـکل ہے که کتابـوں کے سالهائے اشاعت بھی توجه سے لکھے اور کتابت کیے گئے هوں گے ـ

جناب مرتّب نے اپنے پیش لفظ میں لکھا ہے که وه انجمن اور دارالعلوم کی خدمات پر جامع مقالات و کتب کی اشاعت کا اراده رکھتے هیں ـ اسی طرح فهرست کتب کا دوسرا حصه بھی چھاپیں گے ـ اگر آئنده دوسرے حصے کے ساتھ موجوده پہلے حصے کو غلطیوں سے پاک کر کے چھاپ دیں تو بہتر رهے گا ـ

امید ہے کہ دوسرے دینی مدارس بھی اپنے اپنے نادر ذخائر کتب کی فہرستیں شائع کر کے علمی و دینی خدمت انجام دیں گے ۔ زیر نظر کتابچہ اپنی جزوی خامیوں کے باوجود قابل قدر ہے اور دینی موضوعات پر مطالعہ و تحقیق کرنے والوں کے لئے تو بہت ھی مفید راھنما ثابت ھو گا ۔ (اختر راھی)

●●●